# باب 4 — پاکستان اور عالمی امور

**1: خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے؟**

ایک ریاست دوسری ریاستوں سے تعلقات کے قیام میں کچھ بنیادی اصولوں اور مقاصد کو پیش نظر رکھتی ہے۔ اس حوالے سے جو پالیسی بنتی ہے، اسے خارجہ پالیسی کہتے ہیں۔

**2: گوادر کی بندر گاہ کی اہمیت کو تین سطروں میں تحریر کریں۔**

چین اور پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کی بدولت گوادر کی بندر گاہ کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ اس منصوبے کی بدولت یورپ، امریکا اور دیگر ریاستوں کی تجارتی آمدورفت گوادر کی بندر گاہ کے ذریعے ممکن ہو جائے گی، یوں گوادر کی بندر گاہ معاشی سرگرمیوں کا مرکز بن جائے گی۔ اس کی وجہ سے پاکستان کی اہمیت میں اضافہ ہو گا- چین سے تعلقات مزید مستحکم ہو جائیں گے۔

**3: وسطی ایشیا کی مسلم ریاستوں کے نام تحریر کریں۔**

وسطی ایشیا کی مسلم ریاستوں میں قازقستان، کرغزستان، تاجکستان، ترکمانستان اور ازبکستان شامل ہیں۔

**4: مسئلہ فلسطین سے کیا مراد ہے؟**

1948ء میں مغربی ممالک کے ایما پر فلسطین کی سرزمین پر اسرائیل کے نام سے ایک ریاست قائم ہوئی۔ اسرائیل نے دیگر علاقوں پر قبضہ کرنا شروع کر دیا۔ اس طرح فلسطین کو وجود خطرے میں پڑ گیا۔ آج بھی اقوام متحدہ اور اسلامی ممالک کی جانب سے آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کی کوششیں جاری ہیں۔ فلسطین کے مقبوضہ علاقے واپس کر کے ہی فلسطین کا مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔

**5: پاکستان کے برّی اور بحری راستے کیوں اہم ہیں؟**

مغربی ممالک کی صنعتی ترقی کا دارومدار خلیجی ممالک میں ہونے والی تیل کی پیداوار پر ہے۔ یہ تیل مغربی ممالک کو بحیرہ عرب کے راستے بھیجا جاتا ہے اور کراچی بحیرہ عرب کی اہم بندر گاہ ہے، کراچی اہم ہوائی اڈہ بھی ہے۔ افغانستان اور وسطی ایشیائی ممالک کی تجارت کے لیے بھی پاکستان کے برّی اور بحری راستے بڑے اہم ہیں۔

**6: سارک ممالک کے نام لکھیں۔**

سارک تنظیم میں ممالک 8 شامل ہیں۔ ان کے نام پاکستان افغانستان، بھارت، بنگلہ دیش، سری لنکا، بھوٹان، نیپال اور مالدیپ ہیں۔

**7: $RCD$ سے کیا مراد ہے؟**

$RCD$ سے مراد علاقائی تعاون برائے ترقی ہے۔ یہ معاہدہ پاکستان، ایران اور ترکیہ کے درمیان ہوا جس نے ان تینوں ریاستوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے کا سبب بنا۔

**8: چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے پر چار سطریں تحریر کریں۔**

چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کی بدولت گوادر کی بندر گاہ کو ترقی دے کر فعال بنایا جا سکتا ہے اور اسے معاشی سرگرمیوں کا محور بنایا جا سکتا ہے۔ اس منصوبے کے تحت یورپ، امریکا اور دیگر کئی ریاستوں کی تجارتی آمدورفت گوادر کی بندر گاہ کے ذریعے ممکن ہو جائے گی۔ اس طرح پاکستان معاشی سرگرمیوں کا مرکز بن جائے گا۔

**9: ویٹو سے کیا مراد ہے؟**

دنیا کی پانچ بڑی طاقتیں امریکہ، روس، برطانیہ، فرانس اور چین اقوام متحدہ کے مستقل ارکان ہیں۔ ان کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اقوام متحدہ میں پیش کردہ کسی بھی قرارداد یا بل کو مسترد کر دیں۔ ان کے اس اختیار کو ویٹو پاور کہا جاتا ہے۔

**10: چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کے پاکستان کے لیے تین فوائد لکھیں۔**

چین پاکستان راہداری منصوبہ پاکستان اور پورے خطے کے ممالک کی معیشت کے لیے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ اس سے توانائی، سڑکوں، ریل، صنعت اور سیاحت کے شعبوں کو ترقی ملے گی۔ ملک میں کاروباری سرگرمیاں تیز ہوں گی اور معیشت مستحکم ہو گی۔ روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور غربت میں کمی آئے گی۔ مختلف شعبوں میں ترقی کے لئے چین کے تجربات سے فائدہ اٹھایا جائے گا۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ

**11: پاکستان وسطی ایشیائی ممالک کے لیے کیسے فائدہ مند ہے؟**

پاکستان وسطی ایشیائی ممالک کے لئے فائدہ مند ہے کیونکہ ان ریاستوں کے پاس تجارت کے لیے اپنا ساحل سمندر نہیں ہے۔ پاکستان انھیں یہ سہولت دیتا ہے۔

**12: چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ کو کن مشکلات کا سامنا ہے؟ چار سطریں تحریر کریں۔**

چین پاکستان اقتصادی راہ داری منصوبہ کئی مشکلات کا شکار ہے۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی کے مسائل اس کی راہ میں رکاوٹ ہیں۔ مقامی آبادی کو اس کے ثمرات سے محروم کرنے کی وجہ سے مزاحمت اور بے چینی بڑھ رہی ہے۔ بعض علاقائی اور عالمی طاقتیں اس کو اپنے مفادات کے خلاف سمجھتی ہیں اور اسے روکنے کی کوشش کر رہی ہیں۔

گورنمنٹ کرسچین ہائی سکول ڈسکہ